34546 ـ کیا پرندوں کو ایکسپائر شدہ کھانے کھلائے جا سکتے ہیں

سوال

کیا اگر کوئی انسان کسی حیوان مثلا کتے یا بلی وغیرہ کو ایکسپائر یا اپنے پاس زیادہ بچ رہنے والی اشیاء مثلا گوشت، یا دودھ وغیرہ کھلائے تو وہ گنہگار ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر وہ چیز اسے نقصان اور ضرر نہ دے تو اسے کھلانے میں کوئی حرج نہیں.

اور یہ بات تو معلوم ہی ہے کہ اس طرح کے جانوروں کو خراب کھانا برداشت کرنے کی انسان سے زیادہ قوت ہوتی ہے، اور اللہ تعالی نے اسے اتنی تیز حس عطا فرمائی ہے جس سے وہ اپنے لیے مناسب اور غیر مناسب چیز کی شناخت کر لیتا ہے.

اس پر مستزاد یہ کہ ان بند اشیاء کے پیکٹوں کے لیے غالب طور پر کچھ احتیاطی مدت بھی ہوتی ہے.

واللہ اعلم .